www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara

تمام اہل وطن کو یوم آزادی کی مبارکباد

امرت مہوتسو

روزنامہ راشٹریہ

# سہارا

ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW

ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار

Editions:
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru

LUCKNOW (CITY) Pages: 16 ₹ 4/- Vol:23 Issue : 8288 •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار ﴿یعنی مکمل سچ﴾ 16/محرم الحرام 1444ھ پیر شمارہ نمبر:8288 سال:23 Monday 15 August 2022

خصوصی اداریہ

## نئے سنکلپوں کا مہوتسو

**ایک** زندہ قوم اپنی تاریخ، تہذیب و روایات کو سنبھال کر رکھتی ہے۔ اپنی حصولیابیوں پر فخر کرتی ہے۔ اپنی ترقی، خوشحالی کا لطف لیتی ہے اور اپنے وجود کا جشن مناتی ہے۔ یہی جذبہ ہے آزادی کے ''امرت مہوتسو' کا، جسے ہم ایک آزاد خوددار قوم کے طور پر جوش وخروش سے منار ہے ہیں۔ اپنی تاریخ کے شاندار ابواب کو یاد کررہے ہیں، اپنی ہزاروں برس پرانی تہذیب کے امرت کا مشروب پی رہے ہیں اور آزادی کے جدو جہد سے لے کر آج تک کے ہندوستان کی تعمیر میں جن بھی شخصیات نے جدو جہد کی ہے، اپنی محنت اور سرمایہ لگایا ہے، خود اپنی زندگی کی قیمت پر اپنے قوم کو زندگی دی ہے۔ ہم ان کو سلام پیش کررہے ہیں، ہماری خودمختاری، ہماری بہادری، ہماری عزت نفس اور امن کی قربانی کی علامت ہمارا قومی پرچم ترنگا گھر گھر لہرا رہا ہے۔ ہمارے اندر حب الوطنی کا جذبہ پیدا کررہا ہے۔

### اختراع کا اتسو

آزادی کا امرت مہوتسو صرف ایک خانہ پری کا اتسو نہیں ہے، بلکہ ہمارے اختراع کا اتسو ہے۔ ہمارے عالیجناب وزیراعظم نریندر مودی نے 12 رمارچ 2021 کو یوم ڈانڈی مارچ پر سابرمتی آشرم میں آزادی کا امرت مہوتسو کا آغاز کرتے ہوئے اور مہوتسو کے ''امرت تو'' کی تفصیل بیان کرتے ہوئے کہا تھا کہ 'آزادی کے امرت مہوتسو کا مطلب ہے آزادی کی توانائی کا امرت'۔ مجاہدین آزادی کے جانبازوں کی ترغیب کا امرت، نئے خیالات اور عہد کا امرت اور خودانحصاری کا امرت۔ اس لیے یہ مہوتسو راشٹر جاگرن کا پرو ہے۔ گڈ گورننس کے خوابوں کو شرمندۂ تعبیر کرنے کا تہوار ہے۔ عالمی امن اور ترقی کا تہوار ہے۔ ان الفاظ سے سمجھیں تو آزادی کا امرت مہوتسو ماضی کی روشنی میں مستقبل کی تعمیر کے تصور کا اتسو ہے۔ اس میں گڈ گورننس، ہندوستان کی ہمہ جہت ترقی، خودانحصاری کا خواب عالمی امن کی تمنا وغیرہ بہتر مستقبل کے سبھی خوبصورت تصورات موجود ہیں۔

### نائکوں-مہانائکوں کی یاد

امرت مہوتسو کے سلسلہ وار ثقافتی تقاریب کے توسط سے ہم آزادی کے لئے اپنی جانوں کی قربانیاں دینے والے اپنی صعوبتوں کو برداشت کرنے والے اور آخر میں اپنا سب کچھ نچھاور کرنے والے، مظالم کو برداشت کرنے والے اور بالآخر اپنی فتح کا جھنڈا پھہرانے والے اپنے نائکوں-مہا نائکوں کو یاد کررہے ہیں۔

آزاد ہندوستان کی 75 ویں سالگرہ یاترا میں اسے طاقتور بنانے میں ہماری جمہوری نظام ہماری مقننہ، منتظمہ اور عدلیہ کے ساتھ ساتھ میڈیا نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ صنعت کاروں، تاجروں، سائنسدانوں، اساتذہ، رائٹرس، آرٹسٹوں، کھلاڑیوں وغیرہ کے ساتھ ساتھ ملک کی معیشت کے ستون مزدوروں اور کسانوں نے بھی بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ ہمارے معزز فوجیوں نے بھی اپنے حوصلے سے ملک کی سرحدوں کو محفوظ رکھا ہے اور ترقی کا راستہ ہموار کرایا ہے، ان سب کے اجتماعی کوششوں کے نتیجے سے آج کا یہ آزاد ہندوستان دنیا کے سامنے فخر کے ساتھ اپنا سر اونچا کیے ہوئے کھڑا ہے۔ امرت مہوتسو کے طور پر آج ہم اپنے اسی فخر کا تہوار منار ہے ہیں۔

> 'ایک زندہ قوم اپنی تاریخ، ثقافت اور روایات کو محفوظ رکھتی، اپنی حصولیابیوں پر فخر کرتی ہے، اپنی ترقی وخوشحالی سے محظوظ ہوتی ہے اور اپنے وجود کا جشن مناتی ہے۔ یہی جذبہ ہے آزادی کے 'امرت مہوتسو' کا جسے ہم ایک آزاد اور خوددار قوم کے طور پر جوش و خروش سے منار ہے ہیں۔'

### راشٹر-دھرم

ہم جنگ آزادی کے مجاہدین سے تحریک لے رہے ہیں، اپنی رفتار میں نئے افکار کو شامل کررہے ہیں، معاشی طور پر خود انحصاری کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ سائنس اور تکنیکی شعبہ میں ہم تیز رفتاری سے چل رہے ہیں، انسانی زندگی کی ہر پیداواری سرگرمی کو جدید نظام سے جوڑ رہے ہیں اور مطلوبہ نتائج حاصل کر رہے ہیں۔ یقیناً، ہم اتنے سے مطمئن نہیں ہو سکتے۔ ہمارے ملک-سماج کے آگے بہت سے مسائل کا انبار کھڑا ہے، ہمارے بہت سے خواب ابھی تک نامکمل ہیں۔ ہمیں مسائل سے نمٹنا ہے، اپنی رائے کی رکاوٹوں کو دور کرنا ہے اور اپنے دور اندیشانہ اہداف کو حاصل کرنا ہے۔ بہرحال یہ کہ آزادی کا امرت مہوتسو مناتے ہوئے اس حقیقت کو نظرانداز نہیں کر سکتے کہ سیاسی-معاشی-سماجی اور مذہبی ثقافتی مورچوں پر ابھی بھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ ایک طرف ہمیں غریبی، بیروزگاری جیسے مسائل سے نمٹنے کی نتائج خیز پالیسیاں بنانی ہے تو دوسری طرف ملک کے اندر داخلی معاملات کو یعنی نفرت پھیلانے والے عناصر پر بھی روک لگانی ہے۔ مذہبی تو ہم، شدت پسندی جیسی ہلاکت خیز اور ملک مخالف سرگرمیوں کا انسداد کرنا ہے۔ مختلف طبقوں کے درمیان اعتماد اور بھروسے کا ماحول بنانا ہے۔ ملک کی یکجہتی اور سالمیت کے لئے جذباتی اتحاد کو مضبوط کرنا ہے۔ اس کے لئے ہمیں ایک ایسے راشٹر دھرم کو فروغ دینا ہے جو سبھی مذاہب سے اور صحیح شناخت سے اوپر ہو، بڑا ہو۔ بھارت جیسے کثیر الاقوام ملک میں جہاں مختلف شناخت والے مذہبی، ثقافتی گروپ ساتھ رہتے ہیں وہاں یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ ان سب کو اپنی شناخت سے اوپر اٹھا کر ہندوستانیت کی عظیم شناخت جوڑا جائے اور ہندوستانیت کے راشٹر دھرم کی بنیاد پر ان کے بیچ جذباتی اتحاد کا پل تیار کیا جائے۔

### سنکلپ کا امرت

یاد رہے کہ ہمارے وزیراعظم نے امرت مہوتسو کو عہد کے امرت سے بھی جوڑا ہے، یعنی ہندوستان کو ہر نظریہ سے مستحکم اور مفید ملک بنانے کے عہد سے جوڑا ہے۔ ہم اپنے عہد کو تبھی پورا کر سکتے ہیں جب ہم اپنی کمیوں اور خامیوں پر ہمیشہ نظر رکھتے رہیں، ان کے حل کے لئے پوری کوشش کرتے رہیں، اپنی ناکامیوں سے سبق لیتے رہیں اور سمجھداری کے ساتھ مسلسل آگے بڑھتے رہیں۔ اگر ہم ہندوستان کو وشوگرو کے عہدہ پر پہنچانے کا عہد کرتے ہیں اور اس عہد کو پورا کرنے کی کوششوں میں لگ جاتے ہیں تو ہمارا یہی کام آزادی کے امرت مہوتسو کی روح کے مطابق ہوگا۔

**سہارا شری سبرت رائے سہارا**

## ہندوستان دنیا کی سب سے تیز بڑھتی معیشتوں میں شامل

### نئی خوداعتمادی کا ذریعہ ملک کے نوجوان، کسان اور سب سے بڑھ کر ملک کی خواتین ہیں ◻ بطور صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا قوم سے پہلا خطاب

**نئی دہلی، (ایجنسیاں)** صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ہندوستان کی آزادی کے 75 سال مکمل ہونے پر یوم آزادی کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔ صدر مرمو نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم ہندوستانیوں نے شبہ ظاہر کرنے والے لوگوں کو غلط ثابت کیا ہے۔ اس مٹی میں جمہوریت نے نہ صرف اپنی جڑیں پیوست کی ہیں، بلکہ خوشحال بھی ہوئی ہے۔ دنیا کو جمہوریت کی حقیقی صلاحیت کو دریافت کرنے میں مدد کرنے کا سہرا ہندوستان کو دیا جا سکتا ہے۔ صدر کے طور پر دروپدی مرمو کا قوم سے یہ پہلا خطاب ہے۔ صدر جمہوریہ ہند محترمہ دروپدی مرمو نے 76 ویں یوم آزادی کی ماقبل شام ملک اور بیرون ملک میں رہنے والے سبھی ہندوستانیوں کو میں دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے قوم سے خطاب کیا اور کہا کہ مجھے بہت خوشی ہورہی ہے کہ ایک آزاد ملک کے طور پر ہندوستان 75 سال مکمل کررہا ہے۔ اس مبارک دن کی سالگرہ مناتے ہوئے ہم لوگ جنگ آزادی میں حصہ لینے والے تمام مجاہدین کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنی سب سے بڑی قربانی دی، تا کہ ہم سب ایک آزاد ہندوستان کی فضا میں سانس لے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست کے دن کو تقسیم کے سانحہ کی یاد کے دن کے طور پر منایا جارہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد سماجی ہم آہنگی، افراد کو بااختیار بنانا اور اتحاد کو فروغ دینا ہے۔ مرمو نے کہا کہ ملک کی ترقی مزید شمولیاتی ہورہی ہے اور علاقائی عدم مساوات بھی کم ہورہی ہے۔ دنیا نے حالیہ برسوں میں ایک نئے ہندوستان کو ترقی کرتے دیکھا ہے، خاص طور پر کووڈ-19 وبائی بیماری کے پھیلنے کے بعد۔ زیادہ تر جمہوری ممالک میں خواتین کو ووٹ کا حق حاصل کرنے کیلئے طویل جدوجہد کرنا پڑی لیکن ہماری جمہوریہ کے آغاز سے ہی، ہندوستان نے عالمگیر بالغ رائے دہی کو اپنایا۔

(بقیہ صفحہ 11 پر)



Azadi Ka Amrit Mahotsav | SHAHEEN GROUP OF INSTITUTIONS
FREEDOM FIGHTERS GALLERY
MAHATMA GANDHI
Scan QR Code to enter the Audio Library
shaheengroupofinstitutions
ENGLISH KANNADA URDU
Take a photo & share to your friends
Toll Free: 1800 121 6235 | Website: shaheengroup.org

## تنوع کے تحفظ کیلئے پوری دنیا کی نظر ہندوستان پر



### 'اکھنڈ بھارت' کی تعمیر تبھی ہوگی جب لوگ خوفزدہ ہونا چھوڑ دیں گے: بھاگوت

**ممبئی، (پی ٹی آئی)** راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے سربراہ موہن بھاگوت نے اتوار کو کہا کہ تنوع کی حفاظت کیلئے پوری دنیا ہندوستان کی جانب دیکھ رہا ہے۔ انہوں نے مہاراشٹر کے ناگپور شہر میں 'بھارت ایٹ 2047: مائی ویژن مائی ایکشن' پر ایک پروگرام کو خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک 'اکھنڈ بھارت' کی تعمیر تبھی ہوگی جب لوگ خوفزدہ ہونا چھوڑ دیں گے۔ آر ایس ایس کے سربراہ نے کہا کہ 'جب تنوع کو مؤثر طریقے سے بچائے رکھنے کی بات کہی جاتی ہے تو دنیا ہندوستان کی جانب دیکھتا ہے۔ دنیا تضادات سے بھری ہوئی ہے لیکن دوہرا پن سے نمٹنے کا ہنر صرف ہندوستان کے پاس ہے۔' بھاگوت نے کہا کہ 'ایسے کئی تاریخی واقعات ہوئے ہیں، جو ہمیں کبھی نہیں بتائے گئے اور نہ ہی مناسب طریقے سے کبھی پڑھائے گئے۔ مثال کیلئے سنسکرت کا گرامر جس جگہ سے پیدا ہوا، وہ ہندوستان میں نہیں ہے۔ کیا ہم نے کبھی سوال کیا کہ ایسا کیوں ہے؟' انہوں نے کہا کہ 'یہ خاص طور پر اس لیے ہوا کہ سب سے پہلے ہم اپنا ضمیر اور علم فراموش کر گئے اور بعد میں ہماری زمین پر غیر ملکی حملہ آوروں نے قبضہ کر لیا جو خصوصاً شمال مغربی علاقے سے آئے تھے۔ ہم غیر ضروری طور پر ذات اور ایسے ہی دیگر نظاموں کو اہمیت دیتے ہیں۔' انہوں نے کہا کہ کام کیلئے بنائے گئے نظام کا استعمال لوگوں اور کمیونٹیوں کے درمیان نفاق پیدا کرنے کیلئے کیا گیا۔ سنگھ کے سربراہ نے کہا کہ 'ہماری زبان، رہن سہن، لباس، ثقافتوں میں معمولی فرق ہے لیکن ہمیں ایک وسیع تصویر دیکھنے اور......

(بقیہ صفحہ 11 پر)

### اعلان تعطیل

یوم آزادی کے موقع پر 15 راگست بروز پیر تعطیل کے باعث روزنامہ راشٹریہ سہارا کے دفاتر بند رہیں گے، لہٰذا اخبار کا اگلا شمارہ 17 راگست 2022 بروز بدھ شائع ہوگا۔ (ادارہ)

## یوم آزادی پر 1082 جوانوں کو پولیس میڈل

**نئی دہلی، (یو این آئی)** وزارت داخلہ نے اس سال یوم آزادی کے موقع پر 1082 جوانوں کو پولیس میڈل دینے کا اعلان کیا ہے۔ اتوار کو جاری ایک بیان میں، وزارت داخلہ نے کہا کہ ان میں سے 347 کو بہادری کیلئے پولیس میڈل ملے ہیں اور جموں وکشمیر کو سب سے زیادہ تمغے ملے ہیں۔ بیان کے مطابق، 347 بہادری ایوارڈز میں سے بیشتر 204 اہلکاروں کو جموں وکشمیر میں ان کی بہادری کیلئے، بائیں بازو کے انتہا پسندی سے متاثرہ علاقوں میں 80 اہلکاروں کو ان کی بہادری کیلئے اور شمال مشرقی خطے میں 14 اہلکاروں کو نوزا گیا۔ سینٹرل ریزرو پولیس فورس (سی آر پی ایف) کے 109 اہلکاروں کو بہادری ایوارڈ، جموں وکشمیر پولیس کے 108 جوانوں، بی ایس ایف کے 19، مہاراشٹر کے 42، چھتیس گڑھ کے 15 کو بہادری میڈل ملے ہیں اور باقی دیگر ریاستوں/ مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور سی اے پی ایف کے ہیں۔ امتیازی خدمات کیلئے 87 جوانوں کو صدر کا پولیس میڈل اور شاندار خدمات کیلئے 648 کو پولیس میڈل بھی دیئے جائیں گے۔ یوم آزادی سے قبل پولیس میڈلز کے علاوہ، صدر کا تمغہ برائے بہادری اور صدر کا تمغہ برائے امتیازی خدمات کے ساتھ ساتھ فائر سروس، سول ڈیفنس اور ہوم گارڈز کے اہلکاروں کو گیلنٹری میڈلز اور میر ٹوریس سروس میڈلز سے نوازا گیا۔ اس سال یوم آزادی کے موقع پر 55 اہلکاروں کو فائر سروس میڈلز سے نوازا گیا ہے۔

## نائب صدر نے پیش کی یوم آزادی کی مبارکباد

**نئی دہلی، (یو این آئی)** نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے یوم آزادی پر ہم وطنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کی حب الوطنی، قربانی اور خدمت کی خوبیوں کو اپنانے کیلئے حوصلہ افزائی کی جانی چاہئے۔ نائب صدر جمہوریہ جناب جگدیپ دھنکھڑ نے یوم آزادی کے موقع پر ملک کے شہریوں کو نیک خواہشات دیں۔ انہوں نے کہا کہ میں 76 ویں یوم آزادی کے مبارک موقع پر اپنے ملک کے لوگوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ نائب صدر نے مزید کہا کہ آج جب ہم پچھلے 75 برسوں میں ہوئی زبردست پیش رفت کا جشن مناتے ہیں تو ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ ہم نے کتنی مشکل سے آزادی حاصل کی ہے۔ یوم آزادی ان بہادر مجاہدین آزادی کو یاد کرنے اور خراج عقیدت پیش کرنے کا موقع ہے، جن کے حوصلے اور قربانی نے ہمیں جابرانہ استعماری حکمرانی سے آزادی دلائی۔



Hamdard | Pioneering Healthcare since 1906
QUALITY 100+ YEARS of TRUST
کھانسی سے سمجھوتہ مطلب کئی خطرناک بیماریوں کو دعوت
چاہے ہو ضدی کھانسی، گلے کی خراش، نزلہ، زکام، یا ہو سینے کی جکڑن، اِن سے فوراً راحت پائیے، ہمدرد صدوری کے ساتھ!
Saduri COUGH SYRUP
bronchitis, cough & cold
ضدی کھانسی کے لئے ضروری
قدرتی جڑی بوٹیوں سے تیار بھروسے مند یونانی فارمولہ
گل بنفشہ:- نزلہ، زکام اور کھانسی سے راحت دلائے
عناب:- سانس کی نالیوں کی سوجن کو دُور کرے
کاکڑاسنگی:- سانس کے راستوں کی تنگی کو دُور کرے
سبھی اہم کیمسٹ، یونانی، اور آیورویدک اسٹور پر دستیاب 1800-1800-108 www.hamdard.in

ملائم سنگھ یادو زندہ باد سماج وادی پارٹی زندہ باد اکھلیش یادو زندہ باد
ملائم سنگھ یادو بانی و سرپرست
اعظم خاں سابق وزیر اترپردیش
اکھلیش یادو قومی صدر سماجوادی پارٹی و سابق وزیر اعلی اترپردیش
ڈمپل یادو سابق ممبر پارلیمنٹ
تمام اہل وطن کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد و نیک خواہشات
15 راگست 1947 کو ہندوستانیوں نے انگریزوں سے آزادی حاصل کر کے کھلی ہوا میں سانس لینی شروع کی تھی لیکن حقیقی آزادی کے لئے ہماری جدوجہد جاری ہے
Azadi Ka Amrit Mahotsav
سمیہ رانا
قومی ترجمان
سماجوادی پارٹی